## سوال

(148) پیشاب کے قطروں کے مریض کا ہر نماز کے لیے وضو کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس آدمی کو پیشاب کی تکلیف ہونے کے دوران محسوس ہو کہ پیشاب کا قطرہ نکل آیا ہے تو وہ کیا کرے؟ کیا ایسے آدمی کو ہر نماز کے لیے تازہ وضو کرنا چاہیے یا ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھ سکتا ہے؟ کپڑے پر پیشاب کا قطرہ لگے گا تو کپڑے کا کیا بنے گا وہ ناپاک ہو جائے گا یا پاک رہے گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس آدمی کو پیشاب کی تکلیف ہو اُسے ہر نماز کے وقت علیحدہ وضو کر لینا چاہیے اور کپڑے کی صفائی کا بھی حتی المقدور خیال رکھا جائے۔ فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (التغابن: ١٦) کوشش کے باوجود کمی کوتاہی ا رب العزت معاف کرنے والا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الطہارۃ : صفحہ: 159

## محدث فتویٰ